لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضورِ پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۳	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۸ھ مطابق ۲۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	توسیع عطائے مہنگائی بملازمان	۱ و ۲
۲	عطاء الانس سکریٹری محمد نصرت اللہ خان صاحب	۲
۳	اضافہ جلائی کنٹرز روشنی برقی	[illegible]
۴	مزید رخصت منظور حسین	[illegible]
۵	مزید رخصت میر... بہادر	[illegible]
۶	مستقلی منشی اشفاق حسین خان ...	[illegible]
۷	رخصت صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع ...	[illegible]
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس نہین آیا	

روبکار اجلاسِ ہمایون بندگان حضورِ پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

۴ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء کو مفصل روبکار مہنگائی کی بابت جاری ہو چکا ہے۔ اُسمین صراحت تفصیلی اُن ملازمان اور زمرون کی موجود ہے جنکو مہنگائی دیے جانے سے مستثنے رکھا گیا۔ اب علاوہ اُن مستثنیات کے جو روبکار مذکور مین بصراحت موجود ہے۔ صیغۂ فوج۔ پولیس جیل کمپنی و قلعہ پولیس بھی مستثنیات مین داخل کئے جاتے ہین۔ لبقیہ کل مستقل ملازمان ریاست کو جنکی تنخواہین

مع الاؤنس سات روپیہ ماہوار تک ہیں۔ تین ماہ کے لئے من ابتدا یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء لغایت فروری سنہ ۱۹۲۰ء حسب مندرجہ ذیل مہنگائی دیجایا منظور رہے۔

۱۔ ملازمان جنکی تنخواہ مع الاؤنس پانچ روپیہ ماہوار تک ہے۔ ایک روپیہ آٹھ آنہ فی اسم

۲۔ ملازمان جنکی تنخواہ مع الاؤنس سات روپیہ ماہوار تک ہے۔ ایک روپیہ ماہوار فی اسم

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام سررشتہ صدر سے جاری ہوں۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

عطاء الاؤنس

۲۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر فی الحال سو روپیہ ماہوار الاؤنس بصلہ انجام کام اسٹیٹ فیکٹریز کپتان محمد عظمت اللہ خان کو عطا فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش انچارج انجنیر صاحب روشنی برقی۔ صاحبزادہ سید احمد حسین خان بل کلکٹر روشنی برقی کی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بلاحظہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ رخصت مزید پندرہ یوم سید منظور حسین زائد المعد صدر ماموری سررشتہ آبکاری کی بوجہ علالت چشمان ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء سے ۳ دسمبر سنہ رواں تک بوضع نصف تنخواہ منظور ہوئی۔

۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بلاحظہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست۔ رخصت مزید ایکماہ سردار بہادر گرداور قانونگو تحصیل نوآبادی بوجہ علالت وتصدیق ڈاکٹر شہری ۲۹ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء سے منظور کی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر منشی اشفاق حسین خان اہلمد دیوانی عدالت ججی بوجہ حسن انجام کار متعلقہ رجسٹر و ہوشیاری بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار مستقل کئے گئے۔

رخصت

۲۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

علاوہ تعطیلات یوم کلان کے ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۰ء سے مزید رخصت یکہفتہ صاحب مجسٹریٹ ضلع منظور ہوئی۔ صاحب موصوف کا معمولی کام بطور انچارج صاحبزادہ سید ذوالفقار خان صاحب بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کرینگے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا